A

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

810

## പാദവാർഷിക ആത്യന്തിക വിലയിരുത്തൽ 2025-26

## ഉർദു

സമയം : 1 1/2 മണിക്കൂർ

ക്ലാസ് : VIII

ആകെ സ്കോർ : 40

### പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

* ആദ്യ 15 മിനിട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
* ചോദ്യങ്ങളും നിർദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവ്വം വായിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
* ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

---

**1 سے 4 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔** 4x1=4

1. ’انقلاب زندہ باد‘ اردو کا مشہور نعرہ ہے۔ یہ کس کا ہے؟ 1

(حسرت موہانی    علامہ اقبال    کپتان لکشمی    گاندھی جی)

2. ’شہیدِ اعظم‘ کے نام سے کون مشہور ہے؟ 1

(بھگت سنگھ    راج گرو    سکھ دیو    لالہ لاجپت رائے)

3. ’اک نئی دنیا بنائیں‘ اس نظم کا شاعر کون ہے؟ 1

(جاں نثار اختر    مولانا ابوالکلام آزاد    محسن نقوی    وجاہت علی سندیلوی)

4. یومِ آزادی کا دن ترنگا جھنڈا دیکھ کر کرن بابو کا دل باغ باغ ہو گیا۔

بچّو، ’باغ باغ ہونا‘ کا مطلب کیا ہے؟ 1

(بہت دکھ ہونا    بہت خوش ہونا    درد ہونا    ناراض ہونا)

**5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھیے۔** 3x2=6

5. آؤ اک دنیا بنائیں ہم نئی

جس میں ہو آسودگی اور دلکشی

اس شعر میں شاعر کس طرح کی دنیا بنانا چاہتا ہے؟ ایک جملے میں لکھیے۔ 2

6. ’’میں اکیلا نہیں ہوں۔ یہ گاؤں کے لوگ بھی میرے ساتھ ہیں۔‘‘ یہ مکالمہ کون کس سے کہتا ہے؟ 2

7. جنگِ آزادی میں ہمارے قومی رہنماؤں نے کئی نعرے لگائے ہیں۔

بچّو، آپ بھی حبّ وطن کا جذبہ پیدا کرنے والے دو نعرے لکھیے۔ 2

جیسے: (بھارت ہے جان ہماری، ہندوستان زندہ باد)

8. بھگت سنگھ نے انگریزوں کو اینٹ کا جواب پتھر سے دینے کی ٹھان لی۔

بچّو، 'اینٹ کا جواب پتھر سے دینا' سے کیا مطلب ہے؟ لکھیے۔ 2

**9 سے 16 تک کے سوالوں سے کسی 6 کے جواب مختصر لکھیے۔** 6x3=18

9. رانی لکشمی بائی ایک بہادر خاتون ہے۔ جنگِ آزادی میں کئی بہادر خواتین حصّہ لی ہیں۔

a) دو بہادر خواتین کے نام لکھیے۔

b) ایک بہادر خاتون کے بارے میں معلومات فراہم کیجیے۔ 3

10. بھائیوں کی طرح سب مل کر رہیں

احترام اک دوسرے کا ہم کریں

اس شعر میں شاعر بھائی چارگی بڑھانے کی بات کرتا ہے۔

بچّو، بھائی چارگی بڑھانے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ اپنی رائے پیش کیجیے۔ 3

11. دیمتی رسوئی میں کام کرتی تھی۔ ساتھ ساتھ اپنے ابّا جان کی بھی خدمت کرتی تھی۔

بچّو، آپ اپنے ابّا اور امیّ کے لیے کیا کیا خدمات انجام دیتے ہیں؟ مختصر لکھیے۔ 3

12. عبارت غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

بھگت سنگھ پنجاب کے لائل پور ضلع میں ۲۸ /ستمبر ۱۹۰۷ء کو پیدا ہوئے۔ ان کے والد کشن سنگھ اور چچا آزادی کی جنگ میں شامل تھے۔ بھگت سنگھ کے انقلابی دوستوں میں رام پرساد بسمل، اشفاق اللہ خان، چندر شیکھر آزاد، سکھ دیو اور راج گرو کے نام سب سے اہم ہیں۔ ہر ایک ہندوستانی کے دل میں شہیدِ اعظم کے نام سے وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔

(اشارے: کون، کہاں، کون کون، کب، کیوں)

13. عبارت غور سے پڑھیے اور مادری زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 3

صبح کا وقت تھا۔ سورج کی کرنیں چاروں طرف پھیلنے لگیں۔ دیمتی رسوئی کے کام میں مصروف تھی۔

اس نے ناشتہ دسترخوان پر رکھا اور آواز لگائی۔ ابّا جان! ناشتہ تیار ہے۔ آیئے، ناشتہ کریں۔

14. آپ کے اسکول میں ۱۹ رجون 'یوم مطالعہ' کے طور پر منایا ہوگا۔ آپ نے کن کن پروگرام میں شرکت کی تھی؟

بچو، ان سب باتوں کو یاد کرتے ہوئے اس دن کا ایک ڈائری نوٹ تیار کیجیے۔ 3

15. 'ماتھے کا آنچل' ایک بہادر عورت کی کہانی ہے۔

a) اس کہانی کے کردار کون کون ہیں؟

b) آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے؟ کیوں؟ کردار کی خصوصیات لکھیے۔ 3

16. کرن بابو کہتا ہے کہ آج مجھے اپنے ملک سے محبت اور اس کی حفاظت کی اہمیت کا احساس ہوا۔

بچو، اپنے وطن کی بھلائی اور حفاظت کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ اپنے خیالات پیش کیجیے۔ 3

17 سے 20 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ 3x4=12

17. بچو، اشعار غور سے پڑھیے۔ سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

ہم غریبی اور جہالت سے لڑیں
راستوں پر ہم ترقی کے بڑھیں
علم و حکمت کی جلاکر مشعلیں
سر کریں ہم منزلوں پر منزلیں

a) شاعر کس سے لڑنے کی بات کر رہے ہیں؟

b) ہمیں کس راستے پر چلنا ہے؟

c) اشعار کی روشنی میں نظم کا پیغام اپنے الفاظ میں لکھیے۔

18. اشاروں کی مدد سے اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔ 4

آپ کے اسکول میں آزادی کا دن بڑی دھوم دھام سے مناتے ہیں۔ مہمانِ خصوصی مشہور گلوکار منجری کا غزل پروگرام ہے۔ ہیڈ ماسٹر رمیش کمار کی صدارت میں صدر پنچایت سلمان صاحب پروگرام کا افتتاح کریں گے۔

(اشارے: عنوان، جگہ، وقت، افتتاح، مہمانِ خصوصی، صدارت)

19. اپنے گاؤں سے انگریز پولیس کو بھگانے کے بعد دیمتی اپنی سہیلیوں کے ساتھ گھر واپس جا رہی تھی۔ راستے میں اس کی امی دوڑتی ہوئی آئی اور گھبرا کر پوچھنے لگی۔

امی : بیٹی، ابا جان کو کیا ہوا؟

دیمتی : ..........................

بچو، دیمتی اور امی کی گفتگو آگے بڑھائیے۔ 4

20. لالہ لاجپت رائے ایک مجاہدِ آزادی ہیں۔ نیچے چند معلومات دی گئی ہیں۔ ان کی مدد سے لالہ لاجپت رائے کے بارے میں سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

پیدائش : ۲۸ر جانوری ۱۸۶۵ء پنجاب میں

والد : رادھا کشن اگروال

والدہ : گلاب دیوی

شہرت : قومی رہنما

انتقال : ۱۷ر نومبر ۱۹۲۸ء

